## حیسکو پریس ریلیز مورخہ :27.01.2022

# حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر نور احمد سومرو کی ہدایات پر پورے حیسکو ریجن کے علاقوں میں بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں ماتلی، ٹھٹھہ، ٹنڈو محمد خان، مکلی، سکرنڈ، ٹنڈو الہیار ودیگر علاقوں میں کارروائیوں کے دوران نادہندگان کے 2 عدد گاؤں اور 429 بجلی کنکشن واجبات کی عدم ادائیگی پر منقطع کردیئے گئے ہیں، بجلی چوروں کے 652 کنکشن منقطع کردیئے۔ نادہندگان سے 54 لاکھ 29 ہزار سے زائد کی وصولی کی گئی۔ حیسکو ترجمان

حیدر آباد(        ) حیسکو ترجمان کے مطابق حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر نور احمد سومرو کی ہدایات پر حیسکو ریجن کے تمام علاقوں میں بڑے پیمانے پر بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اس سلسلے ماتلی سب ڈویژن میں کارروائیاں کے دوران نادہندگان کے واجبات کی عدم ادائیگی پر 77 بجلی کنکشن منقطع کردیئے گئے ہیں، جن پر ایک کروڑ سے زائد کے واجبات تھے، اور بجلی چوروں کے 109 غیر قانونی کنڈہ کنکشن موقع پر منقطع کردیئے گئے، جبکہ نادہندگان سے 8 لاکھ 72 ہزار روپے کی وصولی بھی کی گئی، آپریشن سب ڈویژن ٹھٹھہ اور گردونواح کے علاقوں میں کارروائی کرتے ہوئے واجبات کی عدم ادائیگی پر 65 نادہندگان کے بجلی کنکشن منقطع کیئے اور نادہندگان سے موجودہ بجلی کے بلوں کے علاوہ واجبات کی رقموم میں سے 13 لاکھ 55 ہزار 230 روپے کی وصولی کی گئی، اور بجلی چوروں کے 158 غیر قانونی کنڈہ ہٹائے گئے اور تاریں ضبط کرلی گئی ہیں، ٹنڈو محمد خان-II سب ڈویژن میں کارروائیوں کے دوران صارفین کے بجلی کے بلوں کی چیکنگ کے دوران ناہندگان کے 62 بجلی کنکشن واجبات کی عدم ادائیگی پر منقطع کردیئے، اور واجبات کی عدم ادائیگی پر 2 عدد گاؤں جس میں حاجا نو خاصخیلی، شاہنواز ڈیتھو شامل ہیں کی بجلی ایک کروڑ 13 لاکھ 35 سے زائد ہونے پر منقطع کردی گئی، 11 کے وی کے مین اسپین اتار لیئے گئے ہیں، اور 2 گاؤں اور مارکیٹ سے 9 لاکھ 10 ہزار 403 روپے کی وصولی بھی کی، مزید برآں بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف کارروائیاں بڑھاتے ہوئے مکلی سب ڈویژن میں بجلی چوروں کے 152 کنڈے کاٹے کر نادہندگان کے بجلی کے بلوں کی چیکنگ کے دوران 79 زیادہ واجبات والے صارفین کے بجلی کنکشن منقطع کردیئے گئے ہیں جبکہ نادہندگان سے واجبات کی وصولی کی مد میں 12 لاکھ 85 ہزار کی وصولی بھی کی گئی ہے، اور بجلی چوروں کے خلاف مروجہ قانونی کارروائی کیلئے متعلقہ تھانوں میں بجلی چوری کی ایف آئی آر درج کرانے کیلئے لیٹر بھی جمع کرادیئے ہیں۔ سکرنڈ سب ڈویژن میں نادہندگان کے بجلی کے بلوں کی چیکنگ کے دوران 81 نادہندگان کے بجلی کنکشن منقطع کردیئے گئے ہیں جبکہ نادہندگان سے 4 لاکھ 12 ہزار کی وصولی بھی کی گئی، بجلی چوروں کے 135 کنڈہ کنکشن بھی کاٹے گئے۔ ٹنڈو الہیار سب ڈویژن میں کارروائیوں کے دوران نادہندگان کے 65 اور بجلی چوروں کے 98 کنکشن منقطع کرکے 5 لاکھ 95 ہزار 325 روپے کی وصولی بھی کی گئی ہے اور بجلی چوروں کے خلاف مروجہ قانونی کارروائی کیلئے متعلقہ تھانوں میں بجلی چوری کی ایف آئی آر درج کرانے کیلئے لیٹر بھی جمع کرادیئے ہیں۔ واضح رہے کہ حیسکو چیف کی ہدایات ہیں کہ بجلی چوروں کے خلاف محکماجاتی کارروائی عمل میں لائی جائے، صارفین سے خوش اخلاقی سے بات کریں، کیونکہ حیسکو کے صارفین ہمارے لیئے گراں قدر ہیں، نادہندگان کے بجلی کے بلوں کی ادائیگی چیک کرتے ہوئے نادہندگان کو موقع پر ہی فوری بجلی کے بلوں کی اقساط بنا کے دی جائیں، واجبات کی عدم ادائیگی اور بجلی چوری کے خاتمے تک یہ کارروائیاں جاری رکھیں۔ آپ کے تعاون کا متمنی۔ حیسکو